© rasailojaraid.com



مرتب نے ان رسائل کا تعارف کرایا ہے جن کے مضامین اس اشاریے میں شامل کیے گئے ہیں۔ ان میں سہ اشاعتی آیات، علی گڑھ کا ذکر نہیں ہے، مگراس کے مضامین بھی اشاریہ میں شامل ہیں۔ معلوم نہیں کیوں ماہ نامہ 'حکمت قرآن' لاہور کے مضامین اس اشاریہ میں جگہ نہیں پاسکے ہیں۔

(م-ر-ن)

## حرکة الترجمة فی العصر العباسی اورنگ زیب الاعظمی

ناشر: دارالحرف العربی بیروت، ۲۰۰۵ء، صفحات: ۱۵۹، قیمت درج نہیں۔

عہدِ عباسی مسلمانوں کے علمی وفکری ارتقاء کا زریں دور ہے۔ اس دور میں مختلف علوم وفنون کی کتابیں یونانی، سریانی، سنسکرت، فارسی اور دیگر زبانوں سے عربی میں منتقل ہوئیں۔ اس موضوع پر اعلیٰ معیار کی تاریخی وتحقیقی کتابیں مختلف زبانوں میں موجود ہیں۔ زیرِ نظر عربی کتاب میں اس عہد میں ترجمہ کے میدان میں ہونے والی سرگرمیوں کا مختصر تعارف کرایا گیا ہے۔

مصنف نے ابتدا میں عہدِ جاہلی، ابتدائے اسلام اور عہدِ اموی میں تحریکِ ترجمہ کا سرسری تذکرہ کرتے ہوئے عہدِ عباسی میں ترجمہ کے مختلف مراحل اور محرکات پر روشنی ڈالی ہے۔ پھر ترجمہ کے مراکز اور اداروں کا تعارف کرایا ہے۔ عباسی خلفاء اور وزراء کی علمی سرپرستی کو بیان کیا ہے۔ مختلف زبانوں کے مترجمین کی فہرست پیش کی ہے۔ ترجمہ کی اقسام بیان کی ہیں۔ عہدِ عباسی میں کیے جانے والے تراجم پر بعض اعتراضات کا جواب دیا ہے۔ مشہور مترجمین کی مختصر سوانح بیان کی ہے اور آخر میں عہدِ عباسی کے چند مشہور کتب خانوں اور ذخیروں کا تذکرہ کیا ہے۔

فاضل مصنف کی پیش کردہ ''منتخب فہرست کتابیات'' ڈیڑھ سو کتابوں پر مشتمل ہے، لیکن بہت سی کتابیں غیر متعلق ہیں۔ ثانوی مراجع کا استعمال بہت فراخ دلی سے کیا گیا ہے۔ عہدِ عباسی کے بعض مترجمین کو ان کا مناسب مقام نہیں مل سکا ہے۔ اسحاق بن حنین



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کا کہیں کہیں نام تو آیا ہے، لیکن ''اعلام المترجمین'' میں وہ جگہ نہیں پا سکا ہے۔ بنو موسیٰ بن شاکر کا بس ایک جگہ نام آسکا ہے۔ حبیش کو ایک جگہ (ص ۱۰۰) اسحاق بن حنین کا بھانجا لکھا گیا ہے، جب کہ وہ اس کا پھوپھی زاد بھائی تھا۔

(م-ر-ن)

## اعلانِ ملکیت سہ ماہی تحقیقاتِ اسلامی، فارم:۴، رول:۹

۱۔ مقام اشاعت: پان والی کوٹھی، دودھ پور، علی گڑھ

۲۔ نوعیت اشاعت: سہ ماہی

۳۔ پرنٹر پبلشر: سید جلال الدین عمری

۴۔ قومیت: ہندوستانی

پتہ: دعوت نگر، ابو الفضل انکلیو، نئی دہلی-۲۵

۵۔ ایڈیٹر: سید جلال الدین عمری،

پتہ: دعوت نگر، ابو الفضل انکلیو، نئی دہلی-۲۵

۶۔ ملکیت: ادارۂ تحقیق و تصنیفِ اسلامی،

پان والی کوٹھی، دودھ پور، علی گڑھ

**بنیادی ارکان کے اسمائے گرامی**

۱۔ مولانا سید جلال الدین عمری (صدر)

دعوت نگر، ابو الفضل انکلیو، نئی دہلی-۲۵

۲۔ ڈاکٹر فضل الرحمٰن فریدی (سکریٹری)

فریدی ہاؤس، سرسید نگر، علی گڑھ (یوپی)

۳۔ ڈاکٹر محمد رفعت (خازن)

شعبۂ فزکس، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

۴۔ ڈاکٹر محمد عبد الحق انصاری (رکن)

دعوت نگر، ابو الفضل انکلیو، نئی دہلی-۲۵

۵۔ مولانا محمد فاروق خاں (رکن)

۱۳۵۳-بازار چتلی قبر، دہلی-۶

۶۔ مولانا مطیع اللہ کوثر یزدانی (رکن)

دعوت نگر، ابو الفضل انکلیو، نئی دہلی، ۲۵

۷۔ جناب ٹی، کے، عبد اللہ (رکن)

مالاتھن کنڈی ہاؤس بیلیری، کالی کٹ

۸۔ ڈاکٹر احمد سجاد (رکن)

طارق منزل، بریاتو ہاؤسنگ کالونی، رانچی

۹۔ جناب محمد جعفر (رکن)

دعوت نگر، ابو الفضل انکلیو، نئی دہلی-۲۵

۱۰۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ (رکن)

مزمل منزل کمپلکس، علی گڑھ (یوپی)

۱۱۔ انجینیر سید سعادت اللہ حسینی (رکن)

نان دیڑ

مندرجہ بالا معلومات میرے علم و یقین کی حد تک بالکل درست ہیں۔

پبلشر

سید جلال الدین عمری



© rasailojaraid.com